NAPLAN آن لائن - والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لئے معلومات

2020

آپ کا بچہ 2020 میں آن لائن NAPLAN ٹیسٹ دے گا

وفاقی، اسٹیٹ اور ٹیریٹریز کے تعلیم کے وزراء نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ تمام اسکول آہستہ آہستہ موجودہ پیپر پر مبنی NAPLAN سے NAPLAN آن لائن میں منتقلی کریں گے تاکہ ایک بہتر اور زیادہ باوثوق جائزہ فراہم کیا جاسکے جو طلباء کے لئے زیادہ دلچسپ ہوں۔

اسٹیٹ اور ٹیریٹریز کے تعلیمی حکام اس بات کا تعین کریں گے کہ ان کے اسکول کب آن لائن منتقل ہوں گے۔ موجودہ منصوبہ یہ ہے کہ 2021 تک تمام اسکول NAPLAN آن لائن میں منتقل ہوجائیں۔

NAPLAN آن لائن کے اہم فوائد میں سے ایک فائدہ انفرادی (یا حسب مطابقت) ٹیسٹنگ ہے، جس میں ٹیسٹ کے دوران طالب علم کی کارکردگی کی بنیاد پر زیادہ یا کم پیچیدہ سوالات پوچھے جاتے ہیں۔

انفرادی (یا حسب مطابقت) ٹیسٹنگ کو طلباء کی وسیع تر صلاحیتوں کا جائزہ لینے اور ان کی کامیابی کو زیادہ درست طور پر ماپنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اگر آپ کے بچے کو محسوس ہو کہ سوالات معمول سے زیادہ مشکل ہیں تو اس سے فکر مند نہیں ہونا چاہئے؛ ہوسکتا ہے کہ اسے زیادہ پیچیدہ سوالات پوچھے جارہے ہوں۔ ایک طالب علم کا NAPLAN اسکور ان سوالات کی تعداد اور پیچیدگی پر مبنی ہوتا ہے جن کے اس نے درست جواب دیئے ہیں۔

طلباء NAPLAN کیوں دیتے ہیں؟

نیشنل اسیسمنٹ پروگرام - لٹریسی اینڈ نیومریسی (NAPLAN) خواندگی اور اعدادوشمار کی ایسی مہارتوں کا جائزہ لیتا ہے جو ہر بچے کے لئے اسکول اور زندگی میں آگے بڑھنے کے لئے بہت ضروری ہیں۔

سال 3، 5، 7 اور 9 کے طلباء پڑھنے، لکھنے، زبان کے کنونشنز (ہجے ، گرائمر اور punctuation) اور اعدادوشمار پر مبنی NAPLAN کے سالانہ ٹیسٹوں میں حصہ لیتے ہیں۔

یہ جائزہ والدین اور اسکولوں کو یہ سمجھنے میں مدد فراہم کرتا ہے کہ ٹیسٹ کے وقت انفرادی طلباء کس طرح کی کارکردگی کا مظاہرہ کررہے ہیں۔ NAPLAN اسکول کے تشخیص اور رپورٹنگ کے عمل کا صرف ایک پہلو ہے - یہ طلباء کی کارکردگی کے بارے میں اساتذہ کے جاری جائزوں کی جگہ نہیں لیتا۔

NAPLAN اسکولوں، تعلیم کے حکام اور حکومتوں کو یہ معلومات بھی فراہم کرتا ہے کہ تعلیم کے پروگرام کس طرح کام کر رہے ہیں اور کیا آسٹریلیا کے نوجوان خواندگی اور اعداد وشمار کے شعبے میں اہم تعلیمی نتائج حاصل کر رہے ہیں۔

NAPLAN کس بات کا جائزہ لیتا ہے؟

NAPLAN خواندگی اور اعداد و شمار کی ان مہارتوں کا اندازہ کرتا ہے جو طلبا اپنے اسکول کے باضابطہ نصاب کے ذریعے سیکھ رہے ہیں۔ تمام سرکاری اور غیر سرکاری تعلیمی حکام نے NAPLAN کے مواد کی تیاری میں حصہ لیا ہے۔

طلباء چاہے ٹیسٹ آن لائن مکمل کریں یا کاغذ پر، ان کا ٹیسٹ ایک ہی طرح کے خواندگی اور اعدادوشمار کے نصاب کی بنیاد پر لیا جاتا ہے۔ لہذا دونوں فارمیٹس کے نتائج کو ایک ہی NAPLAN اسیسمنٹ اسکیل پر رپورٹ کیا جاسکتا ہے۔ NAPLAN کے بارے میں مزید جاننے کے لئے nap.edu.au پر جائیں

میں اپنے بچے کو تیاری کرنے میں کیسے مدد دے سکتا ہوں؟

اپنے آپ میں، NAPLAN ایک ایسا ٹیسٹ نہیں ہے جس کے لئے مطالعہ کیا جاسکتا ہے اور طلبا سے ایسا کرنے کی توقع نہیں کی جاتی ہے۔

اپنے بچے کو یہ یقین دلاتے ہوئے تیاری میں مدد کریں کہ NAPLAN ان کے اسکول کے پروگرام کا محض ایک حصہ ہے، اور اس دن اسے یاددہانی کروائیں کہ وہ اپنی پوری کوشش کرے۔
ACARA، NAPLAN کے لئے ضرورت سے زیادہ تیاری یا کوچنگ فراہم کرنے والوں کی خدمات کے استعمال کی سفارش نہیں کرتا۔

یہ یقینی بنانا طلباء کے سیکھنے کے عمل کا ایک حصہ ہے کہ طلباء آلات استعمال کرنے، ان پر ٹائپ کرنے اور پروگراموں کے استعمال سے واقف ہیں اور یہ اسکول میں پہلے سال سے نافذ آسٹریلیائی نصاب کی ایک ضرورت ہے۔

NAPLAN آن لائن کی بورڈ کی مہارتوں کا ٹیسٹ نہیں ہے۔ NAPLAN آن لائن کی بورڈ کی مہارتوں کا ٹیسٹ نہیں ہے۔ اس بات میں تغیر ہوسکتا ہے کہ ایک طالب علم کتنا تیز یا اچھا ٹائپ کرسکتا ہے - بالکل ایسے ہی اس بات میں تغیر ہوسکتا ہے کہ ایک طالب علم اپنے ہاتھ سے کتنا تیز یا اچھا لکھ سکتا ہے۔ تیسرے سال کے طلباء لکھائی کا امتحان کاغذ پر مکمل کریں گے۔ اساتذہ اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ طلباء ٹیسٹوں میں سوالات کی اقسام سے واقف ہوں اور وہ مناسب مدد اور رہنمائی فراہم کریں گے۔

NAPLAN آن لائن جائزے کے سوالات کی اقسام اور متعلقہ افعال nap.edu.au/online-assessment/public-demonstration-site پر دیکھیں

NAPLAN میں شرکت

توقع ہے کہ سال 3، 5، 7 اور 9 کے تمام طلباء NAPLAN کے سالانہ امتحان میں حصہ لیں گے۔ ہوسکتا ہے کہ معذوری کے شکار طلباء ان معاونتوں کے اہل ہوں جو عمومی طور پر کلاس روم کے امتحان میں انہیں فراہم کی جانے والی معاونت کی عکاسی کرتی ہوں۔ آپ کو اپنے بچے کے استاد کے ساتھ اپنے بچے کے لئے کسی بھی معاونت کے استعمال کے بارے میں تبادلہ خیال کرنا چاہئے۔

کسی ایسے طالبعلم کو جس کی معذوری ٹیسٹ میں حصہ لینے کی اس کی صلاحیت کو سخت حد تک محدود کردے، یا ایک طالب علم جو حال ہی میں آسٹریلیا آیا ہے اور انگریزی بولنے والا پس منظر نہیں رکھتا ہے، اسے باضابطہ چھوٹ دی جاسکتی ہے۔

آپ کے اسکول کا پرنسپل اور آپ کی مقامی ٹیسٹ ایڈمنسٹریشن اتھارٹی آپ کو باضابطہ چھوٹ حاصل کرنے کے لئے خصوصی رعایتوں یا طریقۂکار کے بارے میں مزید معلومات دے سکتی ہے۔

اگر میرا بچہ NAPLAN کے دنوں میں اسکول سے غیر حاضر رہتا ہے تو کیا ہوگا؟

جہاں ممکن ہوسکا، اسکول ایسے طلباء کے لئے کسی اور وقت پر انفرادی ٹیسٹ کا انتظام کرسکتے ہیں جو ٹیسٹ کے وقت غیر حاضر تھے، تاکہ وہ اسکول کے ٹیسٹ شیڈول کے دوران چھوٹ جانے والے ٹیسٹ مکمل کرسکیں۔ جمعہ 22 مئی 2020 کے بعد انفرادی طلبا کو NAPLAN آن لائن ٹیسٹ کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

NAPLAN آن لائن 2020 ٹائم ٹیبل

NAPLAN آن لائن ٹیسٹ دینے کا دورانیہ نو دن ہے جبکہ کاغذ پر دیئے جانے والے ٹیسٹ کے لئے تین دن دیئے جاتے تھے۔ ایسا اس لئے کیا گیا ہے تاکہ اسکولوں کو ٹیسٹ شیڈول کرنے میں سہولت دی جاسکے اور ان اسکولوں کا خیال رکھا جائے جن کے پاس ہوسکتا ہے کہ آلات کی کمی ہو۔

NAPLAN آن لائن ٹیسٹ کا دورانیہ منگل 12 مئی سے شروع ہوکر جمعہ 22 مئی 2020 تک ہے۔

آن لائن ٹیسٹ کی شیڈول کرنے کی ضروریات کو نیچے دیئے گئے ٹیبل میں تفصیل سے بتایا گیا ہے۔

میرے بچے کی کارکردگی کی اطلاع کیسے دی جاتی ہے؟

ہر اندازے کے لئے طلباء کی انفرادی کارکردگی کو قومی کامیابی کے پیمانے پر ظاہر کیا جاتا ہے۔ کم سے کم قومی معیار کا نتیجہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ طالب علم نے اس تعلیمی سال کی سطح میں مکمل طور پر حصہ لینے کے لئے درکار خواندگی اور اعدادوشمار کی مہارت کا بنیادی مظاہرہ کیا ہے۔

آپ کے بچے کا اسکول اس سال کے دوران بعد میں طلباء کی انفرادی NAPLAN رپورٹ جاری کرے گا۔ اگر آپ کو کوئی رپورٹ موصول نہیں ہوتی تو آپ کو اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کرنا چاہئے۔

NAPLAN ٹیسٹ کے نتائج کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے؟

- طلباء اور والدین انفرادی نتائج کو اساتذہ کے ساتھ کارکردگی پر گفتگو کرنے کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔
- اساتذہ ان نتائج کو استعمال کرکے ایسے طلباء کی بہتر شناخت کرسکتے ہیں جو کہ بڑے چیلنجوں یا اضافی معاونت سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں۔
- اسکول نتائج کا استعمال کرکے تدریسی پروگراموں میں ٹھیک کام کرنے والے اور بہتری لانے کی ضرورت والے حصوں کی شناخت کرتا ہے اور خواندگی اور اعدادوشمار کے اہداف مقرر کرتا ہے۔
- اسکول کے سسٹم اسکولوں کو پیشکش کردہ پروگراموں اور معاونت کا جائزہ لینے کے لئے نتائج کا استعمال کرتے ہیں۔
- کمیونٹی myschool.edu.au پر اسکول کے اوسط NAPLAN نتائج دیکھ سکتی ہے

میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

NAPLAN کے بارے میں مزید معلومات کے لئے:

- اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں
- nap.edu.au/TAA پر موجود اپنی مقامی ٹیسٹ ایڈمنسٹریشن اتھارٹی سے رابطہ کریں
- nap.edu.au پر جائیں

یہ جاننے کے لئے کہ ACARA، NAPLAN کے لئے ذاتی معلومات کو کس طرح سنبھالتا ہے، nap.edu.au/naplanprivacy پر جائیں

ٹیسٹ	شیڈول کرنے کی ضروریات	دورانیہ	ٹیسٹ کی تفصیلات
لکھائی	تیسرے سال کے طلباء کاغذ پر لکھائی کا ٹیسٹ دیں گے (صرف پہلے دن) پانچویں سال کے طلباء کو پہلے دن شروع کرنا ہوگا (اسکولوں کو لکھائی مکمل کرنے کے عمل کو پہلے اور دوسرے دن کے دوران ہی مکمل کرنے کو ترجیح دینی ہوگی) ساتویں اور نویں سال کے طلباء کو دوسرے دن شروع کرنا ہوگا (اسکولوں کو لکھائی مکمل کرنے کے عمل کو دوسرے اور تیسرے دن کے دوران ہی مکمل کرنے کو ترجیح دینی ہوگی)	سال 3: 40 منٹ۔ سال 5: 42 منٹ۔ سال 7: 42 منٹ۔ سال 9: 42 منٹ۔	طلباء کو ایک ’تحریری محرک‘ (جسے بعض اوقات ایک "اشارہ" - ایک نظریہ یا عنوان کہا جاتا ہے) فراہم کیا جاتا ہے اور کسی خاص صنف (بیانیہ یا قائلی تحریر) میں جواب لکھنے کو کہا جاتا ہے۔
پڑھائی	اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ آن لائن اسکول NAPLAN ٹیسٹوں کو نو دنوں کی مدت کے اندر اندر مکمل کرسکیں، سال 7 اور 9 کے طلباء پہلے دن پڑھائی کا ٹیسٹ شروع کرسکتے ہیں؛ تاہم، لکھائی کا ٹیسٹ دوسرے دن ہی شروع ہوگا چونکہ لکھائی کے ٹیسٹوں کو پہلے دن کے دوبارہ شیڈول کئے گئے کسی بھی طرح کے پڑھائی کے ٹیسٹوں پر فوقیت دی جائے گی۔ زبان کی کنوینشنز کے ٹیسٹ **سے پہلے** مکمل کرنا ہوگا	سال 3: 45 منٹ۔ سال 5: 50 منٹ۔ سال 7: 65 منٹ۔ سال 9: 65 منٹ۔	طلباء کئی طرح کی معلوماتی، خیالی اور قائلی تحریریں پڑھتے ہیں اور پھر اس سے متعلق سوالات کے جوابات دیتے ہیں۔
زبان کی کنوینشنز	پڑھائی کے ٹیسٹ **کے بعد** مکمل کرنا ہوگا	سال 3: 45 منٹ۔ سال 5: 45 منٹ۔ سال 7: 45 منٹ۔ سال 9: 45 منٹ۔	اس امتحان میں ہجوں، گرائمر اور رموز اوقاف (punctuation) کا اندازہ ہوتا ہے
اعدادوشمار	زبان کی کنوینشنز کے ٹیسٹ **کے بعد** مکمل کرنا ہوگا	سال 3: 45 منٹ۔ سال 5: 50 منٹ۔ سال 7: 65 منٹ۔ سال 9: 65 منٹ۔	اس امتحان میں نمبروں اور الجبرا، پیمائش اور جیومیٹری، اور اسٹیٹسٹکس اور پروبیبلٹی کا اندازہ ہوتا ہے